# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1216 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2026/ 63**
**Date: 02 July, 2026**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 56 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 116th ,117th ,118th ,119th,120th ,121st ,122nd ,123rd ,124thand 125thgroups as at Annexure-II will be taken-up on 13th, 14th, 15th, 16th, 17th, 20th, 21st, 22nd, 23rd& 24thJuly, 2026,respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non-receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:-www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-VIII**

**Endst: No. & Date Even**

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Hon'ble Speaker.
8. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. The Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The A.P.S to Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Secretary.
12. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
13. The Deputy Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
14. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
15. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-VIII**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 116th | Monday<br>13th July, 2026 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education & Women Empowerment |
| 117th | Tuesday<br>14th July, 2026 | • Food<br>• Energy & Power<br>• Information & Public Relation<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 118th | Wednesday<br>15th July, 2026 | • Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Transport and Mass Transit<br>• Public Health Engineering |
| 119th | Thursday<br>16th July, 2026 | • Population Welfare<br>• Health<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs |
| 120th | Friday<br>17th July, 2026 | • Minerals Development<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |
| 121st | Monday<br>20th July, 2026 | • Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education & Women Empowerment |
| 122nd | Tuesday<br>21th July, 2026 | • Food<br>• Information & Public Relation<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education<br>• Inter Provincial Coordination |
| 123rd | Wednesday<br>22nd July, 2026 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Hosuing<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 124th | Thursday<br>23rd July, 2026 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Home & Tribal Affairs |
| 125th | Friday<br>24th July, 2026 | • Minerals Development<br>• Revenue & Estate<br>• Climate change, Forestry, Environment and Wildlife<br>• Labour<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Industries, Commerce & Technical Education |

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

**ANNEXURE-II**

نوویں اجلاس کا 116 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 13 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Nov 19, 2025 -- 01:00 PM - Wed
**Question # 1908** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 01, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر امداد، بحالی و آبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقہ کچہ میں حالیہ سیلاب سروے کے مطابق کتنی زرعی زمین متاثر یا تباہ ہوئی ہے، کتنے مکانات کو جزوی نقصان اور کتنے مکان منہدم ہوئے ہیں؟ الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) سیلاب زدگان کے حوالے سے صوبائی حکومت کی پالیسی کیا ہے سیلاب کے باعث نقل مکانی کرنے والوں کی تعداد کتنی ہیں؟

(ج) اب تک کتنے متاثرین میں امدادی رقوم (چیک) تقسیم کئے گئے ہیں اور کتنے متاثرین کو ابھی تک امداد نہیں ملی ہر ایک کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 14, 2026 -- 04:52 PM – Tue
**Question # 2123** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**محترمہ فرزانہ شیریں صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2024 سے لیکر اب تک حکومت نے آبپاشی کی مد میں ضلع بنوں کے لیے فنڈز مختص کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) 2024 سے اب تک کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے اور ابھی تک کتنا فنڈ جاری کیا گیا؟

(ii) اس سے کونسے منصوبے مکمل ہو چکے ہیں اور کونسے منصوبوں پر کام جاری ہے؟ اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 04:41 PM – Mon
**Question # 2127** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2022 سے 2024 کی اے ڈی پیز میں PK-71 کے لیے کتنے فنڈ مختص کیے گئے اور اس میں کتنے جاری اور کتنے خرچ کئے گئے؟

(ب) یہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیے گئے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 23, 2026 -- 02:30 PM – Thu
**Question # 2111** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زکوٰۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقیِ نسواں ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہر ضلع میں ہراسمنٹ کمیٹیاں موجود ہوتی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع ہری پور میں کن کن محکموں میں ہراسمنٹ کمیٹیاں قائم ہیں، اور ان کی سربراہی کون کرتا ہے؟

(ii) ضلع کی سطح پر ان کمیٹیوں کا مرکزی انتظام کس محکمہ کے ساتھ منسلک ہوتا ہے؟

(iii) ضلع ہری پور میں موجود تمام اداروں کی ہراسمنٹ کمیٹیوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv) ضلع ہری پور میں گزشتہ چھ ماہ کے دوران ان ہراسمنٹ کمیٹیوں کے پاس کتنی شکایات درج ہوئیں، اور ان پر کیا کارروائی عمل میں لائی گئی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

ANNEXURE-II

**Notice Date :** Apr 23, 2026 -- 02:32 PM – Thu
**Question # 2108**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زکوٰۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم وترقیِ نسواں ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں بھی رواں سال رمضان پیکج تقسیم کیا گیا؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i)سال2026کے دوران ضلع ہری پور میں رمضان پیکج کن کن افراد کواور کس معیار کے تحت دیا گیا؟

(ii)مستفید ہونے والے افراد کی مکمل تفصیل(نام اور پتہ سمیت)فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 30, 2026 -- 03:20 PM – Thu
**Question # 2117**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی خیبر پختونخوانے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں سیلابی نالوں،ڈرینج چینلزاور گزر گاہوں کی ڈی سلٹنگ کے منصوبوں پر کام کیاہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں جاری اور مکمل شدہ تمام ڈی سلٹنگ منصوبہ جات کی فہرست بمعہ مقام، منظور شدہ لاگت اوراب تک ہونے والے اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)نیز ہر منصوبے کی فزیکل پراگریس، آغاز وتکمیل کی تاریخیں اور متعلقہ انتظامی وتکنیکی منظوریوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

ANNEXURE-II

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 117 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 14 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:38 AM - Mon
**Question # 1721** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ تعلیم ضلع لکی مروت کے پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کو سالانہ کتنا فنڈ ملتا ہے؟ جاری شدہ فنڈ کس کس مد میں استعمال ہوتا ہے؟ پچھلے پانچ (5) سالوں کی مکمل تفصیلات ایئر وائز فراہم کی جائیں؟

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:48 PM - Fri
**Question # 1811** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 17, 2025 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز اور کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ فرنٹیر ایجوکیشن فاؤنڈیشن نجی تعلیمی اداروں کو بلا سود قرضے فراہم کرتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یہ ادارہ اب بھی قائم ہے اور قرضے کیلئے اس کا ایک خاص طریقہ کار بھی موجود ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس ادارے پر آنے والے اخراجات کی تفصیل اور گزشتہ تین سالوں میں کتنے اور کون کون سے اداروں کو قرضے دیئے گئے ان کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:50 PM - Fri
**Question # 1803** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے 2022 سے تاحال ضلع ہری پور کے مختلف سکولوں کی اپ گریڈیشن اور نئی تعمیرات کی منظوری دی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان کیلئے فنڈز بھی مختص ہوئے تھے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کتنے فنڈز مختص کیے گئے تھے اور ان پر کیا پیش رفت ہوئی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 08, 2025 -- 06:55 PM - Mon
**Question # 1813** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز اور کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور یونیورسٹی کا سمر کیمپس باڑہ گلی ایبٹ آباد کے علاقے میں قائم ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) حکومت نے مقامی لوگوں کو اس کیمپس سے کیا فوائد اور سہولیات فراہم کی ہیں؟

(ii) باڑہ گلی کے مقامی لوگوں کو روزگار اور ملازمت کے مواقع دینے کے حوالے سے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟

(iii) کیا اس سمر کیمپس میں مقامی لوگوں کے لئے کوٹہ مختص ہے؟ اگر ہاں تو کتنے فیصد ہے؟

(iv) اس کیمپس کے تحت شروع کیے گئے تعلیمی و ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:14 AM - Fri
**Question # 1830** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں درس وتدریس/ٹیچنگ کے لئے لائسنس کا ہونا لازمی قرار دیا جا رہا ہے؟

ANNEXURE-I

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو کس لیول کی ٹیچنگ کے لئے لائسنس لازمی ہوگااور یہ اقدامات کس قانون کے تحت کئے جارہے ہیں ؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Sep 18, 2025 -- 03:55 PM - Thu
**Question # 1831**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرخوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)صوبے بھر کے بازاروں میں ضروری اشیاء کو سرکاری نرخنامے پر فروخت کرنے کو یقینی بنانے کی ذمہ داری کس کی ہے ؟

(ب)ضلع پشاور میں گزشتہ مالی سال کے دوران کتنے گران فروشوں کو گرفتار کیا گیا؟نیزان گرفتار گران فروشوں کو جرمانوں کے علاوہ کیاسزائیں دی گئیں؟

(ج)جرمانوں سے حاصل شدہ رقم کہاں اور کس مد میں خرچ کی گئ؟مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 23, 2025 -- 09:53 AM - Tue
**Question # 1862**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ میں اقلیت سے تعلق رکھنے والی فیمیل ٹیچرز تعینات ہیں ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)آیامذکورہ ٹیچرز کوان کے اپنے یونین کونسل میں تعینات کیاجاتاہے ؟

(ii)پروموشن کی صورت میں حکومتی پالیسی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 04:05 PM - Wed
**Question # 1946**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہِ کرم وزیر برائے خوراک ارشاد فرمائیں کہ :

(الف)امسال ضلع لوئر کوہستان کے لیے گندم کا کوٹہ کتنا مختص کیا گیاہے ؟

(ب) گزشتہ دوسالوں کے مقابلے میں اس کوٹے میں کتنی کمی یااضافہ کیا گیاہے ؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 04, 2025 -- 10:26 AM - Thu
**Question # 1915**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 10, 2025 - Wed
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیراطلاعات اور تعلقات عامہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)خیبر پختونخوارائٹ ٹوانفارمیشن کمیشن نے 2013 سے لے کرتاحال مجموعی طور پر کتنے کیسز/درخواستوں پر کارروائی کی ہے۔مکمل تفصیل فراہم کی جائیں؟

(ب) گزشتہ دو برسوں میں کمیشن کوماہانہ اوسط کتنی درخواستیں موصول ہوئیں اور اس عرصے میں زیرالتواء(pending)درخواستوں کی تعداد کیا ہے۔تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 04, 2025 -- 10:27 AM - Thu
**Question # 1930**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیراطلاعات اور تعلقات عامہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)خیبر پختونخوارائٹ ٹوانفارمیشن کمیشن کیلئے صوبائی حکومت نے پچھلے پانچ برسوں میں سالانہ بنیاد پر کتنا بجٹ مختص کیا ہے ؟اور اس میں سے کتنی رقم خرچ ہوئی ہے ؟تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ب)خیبر پختونخوارائٹ ٹوانفارمیشن کمیشن کے پاس اس وقت کتنی منظور شدہ اسامیاں ہیں ؟کتنی پر تعیناتی ہوچکی ہے ؟اور کتنی آسامیاں خالی ہیں ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ج) کمیشن کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے حکومت نے کونسی administrative یا financial سہولیات فراہم کی ہیں۔

ANNEXURE-I

**Notice Date :** Dec 09, 2025 -- 09:45 AM – Tue
**Question # 1979**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی و برقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ سولر انرجی کا کاروبار کرنے کے لیے خیبر پختونخوامیں رجسٹریشن یالائسنس کا حصول لازمی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو لائسنس کے حصول کے طریقہ کار کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 16, 2025 -- 02:06 PM - Tue
**Question # 1938**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ 3 سالوں میں ضلع خیبر میں کتنے سکول بنائے گئے ہیں اور کون کون سے سکول اب بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

ANNEXURE-II

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 118 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 15 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 29, 2025 -- 12:55 PM - Fri
**Question # 1814** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر قانون، پارلیمانی امور وانسانی حقوق ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ آئین کے آرٹیکل 1603 (B کے تحت صوبائی حکومت ہر سال ایوان میں دو رپورٹس پیش کرنے کی پابند ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ دو سال کے دوران یہ رپورٹس کب اور کس تاریخ کو ایوان میں پیش کی گئیں اور ان میں کن امور کا احاطہ کیا گیا؟ تفصیل مہیا کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 15, 2025 -- 11:28 AM - Mon
**Question # 2017** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات میں عوامی شکایات کے اندراج/وصولی کا باقاعدہ نظام موجود ہے؟

(ب) اگر سوال (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ سال کے دوران کل کتنے شکایات موصول ہوئیں کتنے شکایات کا ازالہ کیا گیا اور کتنے شکایات زیرِ التواء ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 02, 2026 -- 03:40 PM - Mon
**Question # 2061** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 20, 2026 - Fri
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :-

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے مالی سال 2024-2025 اور 2025-2026 کے لیے ضلع کرم کی مختلف سکیموں/منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران فنڈز کس طریقہ کار کے تحت مختص ہوئے اور کتنے فنڈز اور کس طریقہ کار کے تحت جاری کیے گئے؟ نیز جاری کردہ فنڈز کی استعمال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 02, 2026 -- 03:41 PM - Mon
**Question # 2066** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 18, 2026 - Wed
**جناب محمد ریاض صاحب, رکن صوبائی اسمبلی - پی کے -95**

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے مالی سال 2024-2025 اور 2025-2026 کے دوران ضلع کرم کی مختلف سکیموں/منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کیے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ فنڈز کس طریقہ کار کے تحت مختص کیے گئے، اب تک کتنے فنڈز جاری کیے گئے اور وہ کس طریقہ کار کے تحت جاری کیے گئے؟ جاری کردہ فنڈز کے استعمال کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے،

(ii) نیز اب تک کتنے ٹینڈرز کیے جا چکے ہیں، متعلقہ اشتہارات کی نقول اور کن کن کنٹریکٹرز کو منصوبے الاٹ (Award) کیے جا چکے ہیں؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

ANNEXURE-II

**Notice Date :** Feb 02, 2026 -- 06:21 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 2069**
**Sent to Dept Date:** Feb 17, 2026 - Tue
**محترمہ نادیہ شیر خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)کیایہ درست ہے کہ بی آرٹی(BRT) کے عملے کی تنخواہیں اس منصوبے کی اپنی آمدنی سے پوری نہیں ہو رہیں ؟

(ب)اگر حصہ (الف)کاجواب اثبات میں ہوتو براہ کرم وضاحت فرمائی جائے کہ بی آرٹی عملے کی تنخواہیں کس مد سے ادا کی جارہی ہیں ؟اس بابت تفصیلی معلومات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Feb 02, 2026 -- 06:22 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 2067**
**Sent to Dept Date:** Apr 30, 2026 - Thu
**محترمہ نادیہ شیر خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)کیایہ درست ہے کہ بی آرٹی(BRT) سروس کی اپنی آمدنی نہ ہونے کی وجہ سے صوبائی حکومت سالانہ سبسڈی فراہم کررہی ہے ؟

(ب)اگر حصہ (الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

کیاصوبائی حکومت کسی مخصوص ضلع کے لیے انفرادی طور پر سبسڈی فراہم کرسکتی ہے ؟تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Feb 04, 2026 -- 11:00 AM - Wed
سوال نمبر**Question # 2068**
**Sent to Dept Date:** Apr 30, 2026 - Thu
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرٹرانسپورٹ وماس ٹرانزٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ زو پشاور(BRT)ٹرمینلز اور بسوں پر نجی کمپنیوں کے اشتہارات اور پرنٹ آویزاں ہیں ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)اب تک زو پشاور چلانے والے متعلقہ ادارے کو اشتہارات کی مد میں کتنی رقم موصول ہو چکی ہے ؟

(ii)ان اشتہارات کی الاٹمنٹ کا طریقہ کار کیاہے اور تمام بسوں اور ٹرمینلز کے لیے اشتہارات کے ریٹس یکساں ہیں یا مختلف؟مکمل تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Feb 06, 2026 -- 11:52 AM - Fri
سوال نمبر**Question # 2095**
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیربلدیات،الیکشن ودیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے میں لوکل گورنمنٹ کمیشن قائم کیاجاچکا ہے ؟

(ب)اگر شق(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i) لوکل گورنمنٹ کمیشن کے اراکین کی تعداد نیز گزشتہ پانچ برسوں کے دوران اس کمیشن کے پاس کتنے کیسز آئے ؟ان میں سے کتنے کیسز نمٹائے جاچکے ہیں اور کتنے کیسز زیرِالتوا ہے ؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 06, 2026 -- 03:33 PM - Fri
سوال نمبر**Question # 2098**
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات،انتخابات ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ مری روڈ،ایبٹ آباد پر سٹریٹ لائٹس کی تنصیب کے لیے کھمبے نصب کیے گئے ہیں ؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کھمبوں میں تاحال لائٹس نصب نہیں کی گئی ہیں ؟

(ج)اگر(الف)اور(ب)کے جوابات اثبات میں ہوتو مذکورہ روڈ پر نصب شدہ کھمبوں میں سٹریٹ لائٹس کب تک فعال ہوں گی تاکہ مری روڈ روشن اور محفوظ بنایا جاسکے ؟مکمل تفصیل فراہم کریں۔

ANNEXURE-II

**Notice Date :** Feb 10, 2026 -- 04:51 PM – Tue
**Question # 2097**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات،الیکشن ودیہی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ٹی ایم اے خار باجوڑ میں اس وقت کل کتنے ملازمین مستقل بنیادوں پر فرائض انجام دے رہے ہیں؟ان تمام ملازمین کے نام، پتہ،ڈومیسائل، شناختی کارڈ کی نقل، عہدہ،بی پی ایس اور موجودہ تعیناتی کی جگہ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ ٹی ایم اے میں اس وقت کل کتنے ڈیلی ویجز ملازمین کام کررہے ہیں اور کن کن آسامیوں پر تعینات ہیں اور کہاں کہاں ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں؟ان کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 11:27 AM - Wed
**Question # 2073**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 26, 2026 - Thu
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت کے دیہاتوں میں صاف پینے کے پانی کی شدید قلت ہے؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ نے گزشتہ تین سالوں میں پینے کے پانی کے لیے کتنے ٹیوب ویل لگائے ہیں؟

(ii) ضلع بھر میں مزید کتنے ٹیوب ویلز کی کہاں اور کس یونین کونسل میں ضرورت ہے؟نیز محکمہ ان مطلوبہ ٹیوب ویلز کی ضرورت کب تک پورا کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 11:28 AM - Wed
**Question # 2072**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 26, 2026 - Thu
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بجٹ 2025-26 میں ضلع لکی مروت میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے لیے فنڈز مختص کیے گئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو

(i) ان مختص کردہ فنڈز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز اب تک کتنا فنڈ کہاں اور کس مد میں استعمال ہوا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مختص کردہ فنڈ میں سے جو فنڈ کسی اور ضلع یا کسی اور محکمے کو منتقل کیا گیا ہے؟اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

ANNEXURE-II

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

## نوویں اجلاس کا 119واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 16 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:50 AM - Mon
**Question # 1517** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہمارے صوبے میں رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹر اور ڈسپنسریاں موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز میں تمام آسامیوں پر ملازمین تعینات ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز کو حکومت دوائیاں وغیرہ فراہم کرتی ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) صوبے میں کل کتنی رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹرز اور ڈسپنسریاں ہیں؟

(ii) مذکورہ ہیلتھ سنٹرز میں کل کتنے ملازمین ہیں۔ تمام ملازمین کی تفصیل فراہم کیا جائے۔

(iii) مندرجہ بالا ہیلتھ سنٹرز کو 2024 سے تاحال کتنی دوائیاں فراہم کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:06 PM - Mon
**Question # 1484** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں کٹیگری ڈی کے کتنے ہسپتال، بنیادی مراکز صحت، آر ایچ سیز اور ڈسپنسریاں کہاں کہاں پر قائم ہیں؟

(ب) مذکورہ ڈسپنسریوں، بنیادی مراکز صحت میں کتنے کرایہ کی بلڈنگ میں قائم ہیں۔ ان کا ماہانہ کرایہ کتنا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:50 PM - Mon
**Question # 1585** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:۔

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک Child Care Hospital&Mother تعمیر کرنا چاہتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک اس کی تعمیر کے حوالے سے کتنا ہوم ورک مکمل کیا گیا ہے نیز مذکورہ ہسپتال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کس جگہ پر تعمیر کیا جائے گا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:59 PM - Mon
**Question # 1524** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع کی جیلوں میں نابالغ بچے، خواتین اور مرد قید ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ہر ضلع میں موجود جیلوں کے نام اور اس میں قیدیوں کی تعداد اور جیل میں مقررہ گنجائش بتائی جائے؟

(ج) ہر ضلع کی جیل میں قید نابالغ لڑکیوں اور لڑکوں، خواتین اور مردوں کی تعداد کی تفصیل نیز جو قیدی ذہنی بیمار یا معزور ہیں، ان کی تفصیل الگ فراہم کی جائے۔

ANNEXURE-II

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:00 PM - Mon
**Question # 1530سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اس وقت مختلف پولیس افسران فیلڈ میں کام کر رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس وقت کتنے وفاقی اور کتنے صوبائی افسران بطور ایس۔پی اور ایس۔ایس۔پی کام کر رہے؟ نام بمع ان کے اصل محکمہ کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے ہیں؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:39 AM - Tue
**Question # 1505سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال خار ضلع باجوڑ میں تعینات ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی تفصیل فراہم کی جائے نیز کتنے ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی آسامیوں تاحال خالی ہیں؟

(ب) مذکورہ ہسپتال میں ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی کمی کو کب تک پورا کیا جائے گا نیز خالی آسامیوں پر تا حال تعیناتی کیوں عمل میں نہیں لائی گئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:14 AM - Tue
**Question # 1573سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان میں پولیس کیلئے پولیس لائن موجود نہیں ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟۔ تاحال ضلع میں پولیس لائن کیوں نہیں بنائی گئی ہے؟ اور پولیس لائن دفتر کا قیام کب تک عمل میں لایا جائے گا۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 22, 2025 -- 04:45 PM - Fri
**Question # 1750سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 08, 2025 - Mon
**محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں صحت سہولت پروگرام (صحت کارڈ) کے تحت مریضوں کو مخصوص فارماسوٹیکل کمپنیوں کی ادویات فراہم کی جارہی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:

(i) تو صحت کارڈ کے تحت دی جانے والی ادویات کے تمام فارماسوٹیکل کمپنیوں کے نام اور ان سے کیے گئے معاہدوں کی تفصیلات الگ الگ مہیا کی جائے۔

(ii) فارماسوٹیکل کمپنیوں اور سپلائرز کا انتخاب کس طریقہ کار سے کیا گیا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 25, 2025 -- 09:36 AM - Mon
**Question # 1806سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 17, 2025 - Wed
**محترمہ فائزہ ملک صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بی ایچ یو ہسپتال کوٹھیالہ، جو تناول کا سب سے مصروف ترین ہسپتال ہے؟ لیکن اس میں 24 گھنٹے ڈاکٹر کی سہولت فراہم نہیں کی گئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو بی ایچ یو کو آر ایچ سی کا درجہ دینے کے لیے اب تک کیا عملی اقدامات کیے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے اگر نہیں کیے گئے تو تاخیر کی کیا وجوہات ہیں؟ نیز 24 گھنٹے ڈاکٹرز کی سہولت کیوں فراہم نہیں کی جا رہی؟

ANNEXURE-II

**Notice Date :** Aug 26, 2025 -- 03:55 PM - Tue
**Question # 1753**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 09, 2025 - Tue
**محترمہ فرزانہ شیریں صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بہبود آبادی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ سائنس مضامین میں انٹر میڈیٹ کرنے والی خواتین فیملی ویلفیئر اسسٹنٹ کو ریجنل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سے دو سالہ ڈپلومہ کرواکر فیملی ویلفیئر ورکر (ٹیکنکل) پر ترقی دی جاتی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کیا رولز میں ترمیم کرکے آرٹس مضامین والی خواتین کو بھی ڈپلومہ کورس کی اجازت دینے اور ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے محکمہ میں کوئی پالیسی زیر غور ہے ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 26, 2025 -- 03:56 PM - Tue
**Question # 1776**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ فرزانہ شیریں صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بہبود آبادی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ بہبود آبادی خیبر پختونخوا میں مرد فیملی ویلفیئر اسسٹنٹ کو ترقی دے کر میل سپر وائزر کے عہدے پر تعینات کیا جاتا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ نے خواتین فیملی ویلفیئر اسسٹنٹ کیلئے فیمیل سپر وائزر کی آسامیوں کی تخلیق کیوں نہیں کی حالانکہ دونوں کیڈرز کا کام، تعلیمی معیار اور سکیل یکساں ہیں؟

(ii) اس حوالے سے محکمہ کے مرتب کردہ رولز، قواعد وضوابط اور سرکاری پالیسی بمعہ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:46 PM - Mon
**Question # 1772**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 11, 2025 - Thu
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈی ایچ کیو بے نظیر شہید ہسپتال ایبٹ آباد میں آئی سی یو میں ای سی جی مشین موجود نہیں ہے ؟ اور ایکو مشین بھی تقریباً تین ماہ سے خراب ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں ایکسرے فلموں کی ایک سال سے قلت اور دیگر سہولیات کی بھی کمی ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ ہسپتال میں ای سی جی مشین کیوں نہیں ہے ؟ اور کب لائی جائے گی ؟ ایکو مشین کب تک ٹھیک کرائی جائے گی ؟ نیز ایکسرے فلموں اور دیگر کم سہولیات کو پورا کرنے کے لیے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:47 PM - Mon
**Question # 1758**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 08, 2025 - Mon
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ڈی ایچ کیو بے نظیر شہید ہسپتال ایبٹ آباد میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے ناقص نظام کو بہتر بنانے کے لیے محکمہ کیا عملی اقدامات کر رہا ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ ہسپتال میں سینٹری ورکرز کی کتنی تعداد ہے ؟ اور مزید کتنی کی ضرورت ہے ؟

ANNEXURE-II

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 05:16 PM - Mon
**Question # 1793**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**جناب مخدوم زادہ محمد آفتاب حیدر صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر کھیل اور امور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 16-2015 کی سالانہ اے۔ڈی۔پی کے تحت صوبہ بھر میں کھیل کے میدانوں کے لیے فنڈز مختص کیے گئے تھے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی تحصیل پہاڑپور کے لیے سپورٹس سٹیڈیم کی منظوری بھی دی گئی اور اس مد میں فنڈز بھی جاری ہوئے تھے۔

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس سلسلے میں زمین کی خریداری بھی ہوئی اور ٹینڈر بھی ہوئے اور باقاعدہ کام کا آغاز بھی ہوا۔

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:-

(i) تحصیل پہاڑپور سپورٹس سٹیڈیم کے لیے کتنے فنڈز کی منظوری ہوئی اور کتنی زمین خریدی گئی؟

(ii) تحصیل پہاڑپور سپورٹس سٹیڈیم کے فنڈز پنیالہ کیوں شفٹ ہوئے اور یہ منصوبہ ادھورہ کیوں چھوڑ دیا گیا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

ANNEXURE-II

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 120 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 17 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Sep 23, 2025 -- 09:52 AM - Tue
**Question # 1861** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختون خوا کے جنگلات سے غیر قانونی طور پر لکڑی کی کٹائی ہوئی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس ضمن میں فارسٹری اینڈ مانیٹرنگ سرکل FPMC کی رپورٹ کے مطابق الائی اور دیگر علاقوں سے ایک ارب 70 کروڑ کی لکڑی تحویل میں لی گئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس ضمن میں مزید تین کمپاؤنڈز کی مانیٹرنگ بھی ہوئی ہے۔ اس کی کیا رپورٹ ہے؟ اور اس میں ملوث لوگوں کے خلاف کیا کاروائی ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 09, 2025 -- 09:47 AM - Tue
**Question # 1919** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیرِ اوقاف، حج، مذہبی اور اقلیتی امور ازراہِ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت بجٹ میں اقلیتوں کے لیے مختلف سکیموں کے تحت فنڈز مختص کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ مالی سال 2024-2025 میں اقلیتوں کے لیے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟ ان میں کتنی اور کون کون سی سکیمیں مکمل کی گئی ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) رواں مالی سال میں کتنی نئی سکیمیں بجٹ میں شامل کی گئی ہیں؟ نیز ان سکیموں کے لیے مختص کردہ فنڈز کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Dec 29, 2025 -- 02:02 PM - Mon
**Question # 1985** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع خیبر (سابقہ فاٹا) محکمہ منرل ڈیویلمنٹ کے شعبے کے لیے ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمے کے لیے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟ کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا گیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:40 PM - Mon
**Question # 2124** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیرِ صنعت، حرفت و فنی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ای۔کامرس کے فروغ کے لیے صوبائی سطح پر کیا پالیسی یا اقدامات کیے گئے ہیں؟

(ب) مارکیٹ ریگولیشن اور قیمتوں کے کنٹرول کے لیے کیا کوئی مؤثر نظام موجود ہے؟ اگر ہے تو اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 20, 2026 -- 03:43 PM - Mon
**Question # 2130** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت، حرفت و فنی تعلیم ازراہِ کرم ایوان کو آگاہ فرمائیں گے کہ

(الف) کیا صوبہ میں صنعت، تجارت (کامرس) اور فنی تعلیم کے درمیان کوئی مربوط اور ہم آہنگ پالیسی موجود ہے؟ اگر ہاں، تو اس کی تفصیلات فراہم

ANNEXURE-I

کی جائیں۔

(ب) نوجوانوں کے لیے ہنر کی ترقی اور روزگار کے مواقع میں اضافے کے لیے حکومت کی جامع حکمتِ عملی کیا ہے؟ اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 23, 2026 -- 12:34 PM - Thu
**Question # 2113** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ Arboriculture Operations کے تحت گورنمنٹ گارڈنز (بوٹینیکل اور زولوجیکل)، مارکیٹنگ ورکس، اور (Apiaries) کی نگہداشت کرتا ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ دو سال کے دوران مذکورہ مد میں اُٹھائے گئے اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 23, 2026 -- 12:42 PM - Thu
**Question # 2129** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبکاری، محاصل و انسدادِ منشیات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2022ء سے 2024ء تک صوبہ میں رجسٹر ہونے والی مقامی طور پر تیار کردہ اور امپورٹڈ گاڑیوں کی ڈسٹرکٹ وار تفصیل درج ذیل اقسام کے لحاظ سے فراہم کی جائے:

(i) مسافر بردار (Passenger) گاڑیاں،

(ii) کمرشل/لوڈنگ گاڑیاں،

(iii) کاریں،

(iv) ہیوی اور لائٹ گاڑیاں، اور

(v) انرجی سیور/الیکٹرک گاڑیاں۔

**Notice Date :** Apr 28, 2026 -- 04:45 PM - Tue
**Question # 2114** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**محترمہ فرزانہ شیریں صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر معدنی ترقی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں معدنی وسائل سے ریونیو حاصل ہو رہی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع بنوں میں دریائے کرم سے بھی معدنیات نکالی جارہی ہیں؟

(ج) اگر (الف و ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) ضلع بنوں میں معدنی وسائل سے ماہانہ کتنی ریونیو حاصل ہو رہی ہیں۔ اعداد و شمار کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) دریا ئے کرم سے معدنیات کی استخراج کی اجازت کن شرائط اور کس طریقہ کار کے تحت دی جاتی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

ANNEXURE-I

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 121 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 20 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Nov 25, 2025 -- 04:30 PM - Tue
**Question # 2008**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 09, 2026 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے سال 2024 کو سپریم کورٹ آف پاکستان کے حکم پر دوران ملازمت فوت شدہ ملازمین کے بچوں کے لیے مختص شدہ 100 فیصد کوٹہ ختم کر دیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا اطلاق سال 2024 سے پہلے فوت شدہ ملازمین کے بچوں پر نہیں ہوتا؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 23-2020 تک مذکورہ کوٹہ کی مد میں بھرتی شدہ افراد کی فہرست بمعہ بھرتی کے منتظر افراد کی میرٹ لسٹ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 16, 2025 -- 02:05 PM - Tue
**Question # 1940**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زکواۃ، عشر، سماجی بہبود اور حقوق نسواں ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع خیبر کو زکواۃ، عشر کی مد میں مالی سال 23-2022 اور 25-2024 میں کتنا کتنا فنڈ دیا گیا؟

(ب) مذکورہ رقوم کی تقسیم کس طریقہ کار کے تحت کی گئی ہے؟ جن افراد کو رقوم کی ادائیگی کی گئی ہے انکی تعداد بمعہ نام، ولدیت، ڈومیسائل، شناختی کارڈ کاپی اور فی کس دی گئی رقم کی تفصیل ہر ایک تحصیل کی سال وار الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 02:49 PM - Mon
**Question # 2044**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بنک آف خیبر کے بعض منظور شدہ قرضے نادہندہ (Default) ہو چکے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(ج) گزشتہ پانچ برسوں کے دوران نادہندہ قرضوں کی مجموعی رقم اور متعلقہ افراد/اداروں کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(د) مذکورہ قرضوں کی منظوری دینے والے افسران کے نام، عہدے، کمزور یا ناکافی ضمانتوں (Guarantees) کی نوعیت، اس کے اسباب، اور ان افسران کے خلاف کارروائی نہ کیے جانے کی وجوہات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 30, 2026 -- 03:22 PM - Thu
**Question # 2119**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں ڈی سلٹنگ کے منصوبوں پر عملدرآمد کے لیے کنٹریکٹرز یا ٹھیکداروں کی خدمات حاصل کی گئی تھیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) متعلقہ ٹھیکداروں/فرمز کی تفصیل، پراکیورمنٹ طریقہ کار اور معاہدوں کی نوعیت کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز ان منصوبوں کے نتیجے میں سیلابی پانی کے بہاؤ، نکاسی آب کے نظام اور زرعی زمینوں پر مرتب ہونے والے اثرات و نتائج کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

ANNEXURE-I

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 122 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 21 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 04:07 PM - Wed
**Question # 1898**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 05, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خوراک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کے پاس لوئر کوہستان میں ڈسٹرکٹ فوڈ کنٹرولر کے دفتر کے قیام اور ڈی ایف سی کی تعیناتی کا منصوبہ ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈی ایف سی آفس کی تعمیر کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا ہے اور کب تک ان کا قیام عمل میں لایا جائے گا؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 04:08 PM - Wed
**Question # 1891**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 27, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہِ کرم وزیر برائے خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں پرائس کنٹرول کمیٹی محکمہ خوراک کے زیرِ نگرانی کام کرتی ہے اور ذخیرہ اندوزی یا ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائیاں بھی محکمہ ھٰذا کے ذریعے عمل میں لائی جاتی ہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ بتایا جائے کہ گزشتہ ایک سال کے دوران کتنی کارروائیاں کی گئیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 26, 2025 -- 03:06 PM - Fri
**Question # 1988**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بین الصوبائی رابطہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبائی اسمبلی کی وفاقی حکومت سے متعلق منظور شدہ قراردادوں کی تفصیلات اور ان پر وفاقی حکومت کی کاروائی کرنے یا کاروائی نہ کرنے کی تفصیلات گزشتہ پانچ سالوں کی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Dec 26, 2025 -- 03:08 PM - Fri
**Question # 1986**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پشاور تعلیمی بورڈ کے امتحانات میں شامل ہونے والے امیداروں کی تعداد، جمع کردہ عام فیس، ڈبل فیس، ریچکنگ فیس، کیسوں کی تعداد، ٹھیک کردہ پیپرز کی تعداد اور کوئی معافی عام فیس کی تفصیل مستحق کیسوں میں گزشتہ تین سالوں کی تفصیلات فراہم کی جائیں اور نہ دینے کی وجوہات بیان کریں۔

**Notice Date :** Dec 29, 2025 -- 02:00 PM - Mon
**Question # 1984**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اس وقت ضلع خیبر میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کی کمی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ضلع خیبر میں موجود پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کی تعداد اور ان میں تعنیات اساتذہ کی تعداد کتنی ہے؟

(ii) مذکورہ سکولوں میں اساتذہ کی کتنی آسامیاں خالی ہیں؟ تفصیل فراہم کریں۔

ANNEXURE-II

(iii)ضلع خیبر میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کی کمی کو پورا کرنے کے لیے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jan 06, 2026 -- 12:21 PM - Tue
**Question # 2021**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز و کتب خانے از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ دور حکومت میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں ضلع خیبر کے لیے ترقیاتی فنڈز مختص کیے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع خیبر کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا اور ابھی تک کتنا فنڈ جاری اور کتنا خرچ کیا گیا؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 09, 2026 -- 11:55 AM - Fri
**Question # 2029**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر اطلاعات و تعلقاتِ عامہ از راہِ کرم ایوان کو یہ بتانا پسند فرمائیں گے کہ :

(الف) کیا قواعد و ضوابط کے تحت کسی بھی سرکاری ملازم کو اپنے دفتر یا کسی سرکاری ادارے کی عمارت میں مستقل یا عارضی رہائش اختیار کرنے کی اجازت نہیں ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم درج ذیل امور سے ایوان کو آگاہ فرمایا جائے :

i. پختونخواہ ریڈیو اسٹیشن ایبٹ آباد کے احاطے میں رہائش پذیر افراد نے کس قانون، قاعدہ یا مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تحت رہائش اختیار کی ہے؟

ii. سرکاری عمارت میں غیر مجاز طور پر رہائش اختیار کرنے کی اجازت دینے یا اس عمل سے چشم پوشی کرنے والے ذمہ دار افسران کے خلاف اب تک کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے؟

iii. اگر کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی تو اس کی وجوہات بھی ایوان کے سامنے پیش کی جائیں۔

**Notice Date :** Jan 09, 2026 -- 11:56 AM - Fri
**Question # 2030**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر اطلاعات و تعلقاتِ عامہ از راہِ کرم یہ ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پختونخواہ ریڈیو اسٹیشن ایبٹ آباد کے اسٹور میں موجود پرانا فرنیچر، کمپیوٹرز، الیکٹرانک آلات اور دیگر سامان مجاز اتھارٹی کی اجازت کے بغیر فروخت کیا گیا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کیا مذکورہ سامان کو اسکریپ کے طور پر فروخت کرنے سے قبل مجاز / متعلقہ فورم سے قواعد کے مطابق منظوری حاصل کی گئی تھی؟

(ii) فروخت کیے گئے سامان کی مجموعی مالیت کتنی تھی؟

(iii) فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کہاں اور کس مد میں جمع کرائی گئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 02:45 PM – Mon
**Question # 2046**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
**محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم، ارکائیوز اور کتب خانے از راہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کی سرکاری جامعات میں ریسرچ گرانٹس کے حصول، انڈسٹری کے ساتھ عملی روابط (Industry Linkages)، اور بین الاقوامی معیاری جرنلز میں شائع ہونے والی تحقیقی اشاعتوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) ہر سرکاری جامعہ کی کارکردگی سے متعلق تفصیلی رپورٹ بمعہ اعداد و شمار فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ دعوؤں کے باوجود صوبے کی جامعات عالمی درجہ بندی (International Rankings) میں مسلسل پسماندگی کا شکار کیوں ہیں؟

(iii) اور کیا حکومت اس امر سے اتفاق کرتی ہے کہ موثر تحقیق، جدت اور سماجی ضرورتوں سے کٹ جانے کے باعث جامعات بتدریج محض ڈگریاں تقسیم کرنے والے ادارے بنتی جا رہی ہیں؟

ANNEXURE-I

**Notice Date :** Jan 12, 2026 -- 02:47 PM - Mon
**Question # 2050**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
**محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوزاور کتب خانے ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا کی سرکاری جامعات میں بالخصوص کیمسٹری، فزکس، بایو ٹیکنالوجی، سائبر، میڈیکل اور دیگر سائنسی و تکنیکی شعبہ جات، محض ڈگریاں جاری کرنے تک محدود ہیں یا ان کے ذریعے تحقیق، جدت (Innovation)، نئی ٹیکنالوجیز، مصنوعات یا سائنسی حل بھی متعارف کرائے گئے ہیں؟ ان تحقیقی و سائنسی کاوشوں سے صوبے، عوام یا صنعت کو کیا عملی فائدہ حاصل ہوا؟

(ب) سال 2024 سے اب تک متعارف کرائی گئی نمایاں ایجادات، تحقیقی منصوبوں، پیٹنٹس، ٹیکنالوجیز یا قومی و بین الاقوامی سطح پر قابلِ استعمال نتائج کی مختصر تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) اگر مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوسکے تو اس کی بنیادی وجوہات فنڈز کی کمی، حکومتی سرپرستی کا فقدان، صنعتی روابط کی عدم موجودگی یا تحقیق کو ترجیح نہ دینا ہے؟ نیز اس صورتِ حال کی بہتری کے لیے حکومت کے ٹھوس اقدامات اور مستقبل کے لائحۂ عمل سمیت مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jan 14, 2026 -- 04:26 PM - Wed
**Question # 2035**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ Pak-Austria Fachhochschule Institute of Applied Sciences and Technology(PAF-IAST) کو صوبائی حکومت کی طرف سے 8 ارب کی گرانٹ دی گئی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس میں عام مضامین جو دوسرے کالجز اور ہر یونیورسٹی میں پڑھائے جاتے ہیں وہ بھی پڑھائے جاتے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو یہ گرانٹ صوبائی حکومت کی کس مد سے دی گئی؟ اور کہاں کہاں پر خرچ کی گئی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 14, 2026 -- 04:27 PM - Wed
**Question # 2048**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 30, 2026 - Fri
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم،ارکائیوز و کتب خانے ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہری پور میں منگ کے مقام پر قائم Pak-Austria Fachhochschule Institute of Applied Sciences and Technology (PAF-IAST) بنیادی طور پر ٹیکنکل تعلیم کے لیے بنایا گیا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس کے قیام کا مقصد اس ادارے کے طلباء کو مزید تعلیم کے لیے Austria میں بھیجنا تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ابھی تک کتنے طلباء کو Austria میں مزید تعلیم کے لیے بھیجا گیا ہے؟ نام و پتہ کے ساتھ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jan 15, 2026 -- 11:50 AM - Thu
**Question # 2041**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 28, 2026 - Wed
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہائر ایجوکیشن نے اپنے سرکاری افسران کی دوہری نوکری کے حوالے سے انکوائری منعقد کی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو وضاحت دی جائے کہ وہ انکوائری رپورٹ کہاں ہے اور اس پر عمل درآمد کیوں نہیں ہوا؟

**Notice Date :** Jan 19, 2026 -- 05:03 PM – Mon
**Question # 2038**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 27, 2026 - Tue
**جناب سریش کمار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری سکولوں میں کلاس نویں سے بارویں تک اقلیتی طلباء کو Ethics پڑھائی جاتی ہے؟

ANNEXURE-I

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ Ethics پڑھانے کے لیے ٹیچرز نہیں ہیں جس سے طلباء کی تعلیم متاثر ہو رہی ہے؟اور مقابلے کے اس دور میں نمبر کم آنے کی وجہ سے اقلیتی طلباء کا Future خراب ہو رہا ہے۔

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)اقلیتی طلباء کو Ethics پڑھانے کے لیے ٹیچرز کیوں نہیں ہیں؟اور یہ کب تک تعینات کیے جائیں گے۔

(ii)ٹیچر پڑھانے کے لیے تو نہیں ہوتا اس طرح Ethics کے پیپرز کی چیکینگ کون کرتا ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 02, 2026 -- 03:38 PM - Mon
**Question # 2064**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 18, 2026 - Wed
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی - پی کے -95**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے مالی سال 2024-2025 اور 2025-2026 کے لیے ضلع کرم کی مختلف سکیموں/منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کئے تھے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو وضاحت دی جائے کہ یہ فنڈز کس طریقہ کار کے تحت مختص ہوئے اور کتنے فنڈز جاری ہوئے اور کس طریقہ کار کے تحت جاری کیے گئے؟نیز جاری کردہ فنڈز کی استعمال کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 11:26 AM - Wed
**Question # 2071**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 26, 2026 - Thu
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)اس وقت ضلع لکی مروت میں 18 سال سے کم عمر کتنے بچے اور بچیاں زیر تعلیم ہیں؟یونین کونسل کی سطح پر اعداد شمار فراہم کی جائیں۔

(ب)اس وقت ضلع بھر میں کُل کتنے بچے اور بچیاں سکولوں سے باہر ہیں؟فی یونین کونسل کے حساب سے اعداد شمار فراہم کی جائیں۔

ANNEXURE-II

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 123واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 22جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:55 PM - Mon
**Question # 1476**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ہاؤسنگ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ ہذا کے تحت کتنی ہاؤسنگ سکیمیں چل رہی ہیں؟ اب تک کتنی ہاؤسنگ سکیموں کو مکمل کیا جاچکا ہے جبکہ کتنی سکیمیں زیر تکمیل اور کتنی پائپ لائن میں ہیں؟ اسکی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:50 AM - Tue
**Question # 1608**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ضم اضلاع کے مختلف سڑکوں کے منصوبوں کیلئے غیر ملکی قرضہ مختص کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کے زیر نگرانی کتنا غیر ملکی فنڈ کن کن ضم اضلاع کیلئے منظور ہوا تھا اور کہاں کہاں پر اور کس طریقہ کار کے تحت تاحال خرچ کیا گیا ہے اور کتنا فنڈ ابھی بھی موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع باجوڑ کیلئے کتنا فنڈ منظور ہوا تھا ان فنڈز سے ضلع باجوڑ میں جن سڑکوں کی تعمیر و مرمت کی گئی ہے ہر ایک کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:33 AM - Wed
**Question # 1713**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں محکمہ ہذا میں گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک کی مختلف کیڈرز کی پوسٹیں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) کل کتنی پوسٹیں خالی ہیں؟ اور کیوں خالی ہیں ان میں کون سی اور کتنی آسامیاں ڈائریکٹ Initial recruitment اور محکمانہ پروموشن کے ذریعے پُر کی جاتی ہیں؟ ان کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات مندرجہ ذیل پروفارمہ کے مطابق فراہم کی جائیں۔

نمبر شمار، حلقہ نمبر، خالی پوسٹ کا نام بمعہ گریڈ، خالی ہونے کی تاریخ، خالی پوسٹ پُر کرنے کا طریقہ کار، خالی ہونے کی وجوہات۔

(ii) حکومت نے خالی آسامیاں پُر کرنے کیلئے جو اقدامات اٹھائے ہیں۔ ان کی تفصیل بمعہ کارروائی Recruitment Process بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:47 AM - Mon
**Question # 1718**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لکی۔ میانوالی روڈ خیبر پختونخوا ہائی ویز اتھارٹی کے زیر انتظام ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈ عرصہ دراز سے خستہ حالی، شکستہ پلوں اور جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سی پیک انٹرچینج سے قریب ہونے کی وجہ سے مذکورہ روڈ نے انتہائی اہمیت حاصل کی ہے؟

ANNEXURE-II

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ روڈ کی مرمت و بحالی کے لئے صوبائی حکومت نے سال 2020 سے لے کر اب تک کل کتنی رقم خرچ کی ہے؟ اس کی سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز مستقبل میں مذکورہ روڈ کی مرمت و مکمل بحالی کے لئے حکومت کا کیا ارادہ ہے؟ اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:44 PM - Fri
**Question # 1826** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت ہر سال سرکاری عمارتوں کی مرمت کیلئے (R&M) کی مد میں فنڈز مختص کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ہری پور کیلئے سال 2018 سے لیکر تا حال کتنا فنڈ مختص کیا گیا اور کہاں کہاں پر خرچ ہوا ہے ان کی بلڈنگ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 07, 2025 -- 03:30 PM - Tue
**Question # 2045** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Feb 04, 2026 - Wed
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Local Government, Elections and Rural Development Department be pleased to state:

(a) Whether, under Articles 32 and 140-A of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan and Section 23-A of the Khyber Pakhtunkhwa Local Government Act, 2013, the Local Government representatives have been deprived of their constitutional rights by not being granted the due financial and discretionary powers; if so, the reasons thereof?

(b) What specific measures have been taken by the Department since the Local Government elections of 2021 to empower the Local Government representatives?

(c) Since the Local Government representatives have been deprived of their legal and constitutional rights, and the amendments proposed in the Local Government Act, 2013, were rejected by the High court. The said representatives shouldn't be given an extension to hold their offices for another 4 years from the election date, with all the requisite empowerment? If the above is in affirmative, then kindly provide the complete details.

**Notice Date :** Oct 07, 2025 -- 03:31 PM - Tue
**Question # 1967** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Agriculture state that:

(a)What was the total wheat production in year 2024/2025?

(b) How much was the deficit in meeting the demand? What's our per-acre yield and how does it compare to other provinces and the world?

(c) What steps have been taken over the past five years to increase production and bring more uncultivated land into cultivation?

(d) What is the expected demand next year and what's being done to meet that? Please provide the complete details.

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:44 PM - Wed
**Question # 1948** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے مختلف اوقات میں ضلع کوہستان میں کسانوں اور زراعت کی ترقی کے لئے اقدامات کیے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ وضاحت فرمائی جائے کہ ضلع لوئر کوہستان میں سال 2020 سے 2024 تک کسانوں کو فراہم کیے گئے بیج، کھاد، زرعی سپرے اور مشینری کی سالانہ تفصیل بمعہ مستفید ہونے والے کسانوں کی تعداد اور تفصیل فراہم کی جائے۔

ANNEXURE-II

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 11:50 AM - Mon
**Question # 1890**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 27, 2025 - Mon
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرِ مواصلات وتعمیرات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مردان میں عوام کی سہولت اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے رنگ روڈ تعمیر کیا گیا ہے ؟

(ب) آیا بھی یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ رنگ روڈ مختلف مقامات پر خراب حالت میں ہے ؟

(ج) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رنگ روڈ کی دوبارہ تعمیر ومرمت کب شروع کی جائے گی ؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Feb 11, 2026 -- 11:46 AM - Wed
**Question # 2100**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 12, 2026 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی - پی کے -95**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے فروری 2024 سے فروری 2026 تک گلشن رحمان کالونی اور سول کوارٹرز کے لیے مختلف فنڈز جاری کیے ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو وضاحت دی جائے کہ محکمہ نے ان دو سالوں میں ان کالونیوں کے لیے جو فنڈز جاری کئے ان کی تفصیلات بمعہ کام، تاریخ اور ٹھیکداروں کی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Mar 26, 2026 -- 04:20 PM - Thu
**Question # 2087**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات، الیکشن ودیہی ترقی ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات نے ضلع کرک کے لیے مالی سال 2024-25 اور 2025-26 میں ترقیاتی اور انتظامی فنڈز فراہم کیے

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ عرصہ کے دوران کل کتنا انتظامی فنڈ اور کتنا ترقیاتی فنڈ جاری کیا گیا؟ ہیڈ وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ انتظامی فنڈز سے خرچ کی گئی رقوم کی مد وار تفصیل، اور ترقیاتی فنڈز سے شروع کیے گئے منصوبہ جات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مکمل کیے گئے منصوبہ جات کی تفصیل بمعہ منصوبہ وار جاری کی گئی رقوم کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 31, 2026 -- 02:00 PM - Tue
**Question # 2088**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 07, 2026 - Thu
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر لائیوسٹاک، ماہی پروری وکوآپریٹو ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اکتوبر 2025 میں خیبر پختونخوا کے ضم شدہ اضلاع میں مویشی ادویات کی خریداری کی مد میں تقریباً 7 کروڑ روپے کی مالی بے ضابطگی / غبن کا کوئی کیس سامنے آیا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمہ کے سٹور انچارج ودیگر عملہ کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے اور اس ضمن میں کتنی ریکوری کی گئی ہے؟ اسکی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Apr 14, 2026 -- 09:02 AM - Tue
**Question # 2131**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ زراعت نے مختلف مواقع پر ضلع صوابی میں کسانوں اور زراعت کی ترقی کے لیے اقدامات کیے ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع صوابی میں سال 2020 تا 2025ء کے دوران کسانوں کو فراہم کیے گئے بیج، کھاد، زرعی سپرے اور مشینری کی سالانہ تفصیل الگ الگ فراہم کیا جائے۔

(ج) مذکورہ عرصہ کے دوران ان سہولیات سے مستفید ہونے والے کسانوں کی تعداد بمعہ نام اور فراہم کردہ سہولیات کی مکمل تفصیل بھی فراہم کیا جائے۔

ANNEXURE-II

**Notice Date :** Apr 23, 2026 -- 12:38 PM - Thu
**Question # 2115**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر قانون پارلیمانی امور وانسانی حقوق ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ تین سالوں میں وکلاء کی مختلف محکموں میں بھرتیوں کی تفصیلات بمہ ان کے نام، بھرتی کے لیے اختیار کیاگیاطریقہ کار، ڈسٹرکٹ و ہائی کورٹ بار میں رجسٹریشن نمبر، LLB میں مارکس اور ڈیژن وغیرہ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Apr 23, 2026 -- 12:41 PM - Thu
**Question # 2107**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** May 11, 2026 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیابیرونی قرضوں(Foreign Loan)کے تحت پراجیکٹس پر کام ہورہے ہیں؟

(ب)اگرالف کاجواب اثبات میں ہوں تو:۔

(i) گزشتہ تین سالوں کی دوران بیرونی قرضوں(Foreign Loan)کے تحت پراجیکٹس اور ٹھیکوں کی تفصیلات فراہم کیاجائے۔

(ii)مذکورہ عرصہ کے دوران پراجیکٹس کے کنسٹرکشن کمپنیوں کے نام، رجسٹریشن نمبر، کیٹیگری، چیف ایگزیکٹو اور مالکان کی تفصیلات کیاہیں؟ نیز یہ بھی بیان کیاجائے کہ وہ پروفیشنل انجینئر ہیں یانان انجینئر کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

ANNEXURE-II

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 124 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 23 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:07 PM - Mon
**Question # 1509** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا لشمینیا بیماری کا علاج انصاف کارڈ میں شامل ہے؟

(ب) مذکورہ بیماری کے علاج میں استعمال ہونے والی ادویات سرکاری ہسپتالوں اور عام مارکیٹ میں دستیاب ہیں؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:11 PM - Mon
**Question # 1540** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بورڈ آف گورنرز کے ممبران کو قانون و قاعدہ کے مطابق نامزد کیا جاتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ایوب میڈیکل کالج اور ایوب میڈیکل انسٹی ٹیوٹ میں BOG کے تین موجودہ ممبران اسد جدون، فواد صالح او جعفر حسین شاہ کو قواعد کے برعکس نامزد کیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ نامزدگی کس قاعدہ و قانون کے تحت عمل میں لائی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) BOGs کے لئے ممبران کی نامزدگی کے طریقہ کار کی کاپی بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:18 PM – Mon
**Question # 1593** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پروونشل ہیلتھ سروسز اکیڈمی (PHSA) کی زیر نگرانی صوبہ خیبر پختونخوا میں دس (10) سرکاری نرسنگ کالجز کام کر رہے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان کالجز کے طلباو طالبات کو 4 سالہ نرسنگ ڈگری پروگرام مکمل کرنے کے بعد ایک سالہ پیڈ انٹرن شپ (Paid Internship) کرانا ڈگری کی ضرورت ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ بالا طلباء و طالبات کو صوبے کے کون کون سے ہاسپٹلز میں پیڈ انٹرن شپ کی سہولت فراہم کی جاتی ہے؟ کالج وائز اور ہسپتال وائز کی مکمل تفصیل سال 2023 سے تاحال فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:01 PM - Mon
**Question # 1535** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بنوں سب ڈویژن وزیر اور ایف آر وزیر کے لئے ایٹا میرٹ لسٹ کے تحت پولیس میں بھرتیاں ہوئی ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ بھرتیوں کی تعداد کتنی تھی؟

(ii) کیا مذکورہ بھرتیاں اشتہار مورخہ 18 فروری 2024 کے مطابق ہوئی ہیں۔ اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائے۔

ANNEXURE-I

Notice Date : Jul 04, 2025 -- 02:49 PM - Fri
Question # 1676سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 15, 2025 - Tue
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت صوبہ بھر میں مریضوں کی مفت علاج کیلئے صحت کارڈ کی سہولت مہیا کر رہی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو کیا متعلقہ محکمہ صحت کارڈ سے مستفید ہونے والوں کی معاشی یامالی حیثیت سے متعلق کوئی اعداد و شمار رکھتا ہے؟یا نہیں؟اگر رکھتا ہے تو ایک درجہ بندی شدہ خلاصہ فراہم کیا جائے جن میں مثلاً(آمدنی کے درجے، غربت اسکور یااہلیت کے تعین کیلئے استعمال ہونے والے کسی اور معیار کے مطابق اہلیت واضح ہو)

Notice Date : Jul 04, 2025 -- 02:50 PM - Fri
Question # 1661سوال نمبر
Sent to Dept Date: Jul 10, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت صوبہ بھر میں مریضوں کیلئے صحت کارڈ کی سہولت مہیا کر رہی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو

(i)مالی سال2024-25کے دوران صحت کارڈ پروگرام پر کل کتنے اخراجات ہوئے؟اس عرصے کے دوران صحت کارڈ پروگرام سے کتنے افراد نے فائدہ اٹھایا؟

(ii)صحت کارڈ پروگرام کے تحت کتنے ہسپتالوں نے مریضوں کا علاج کیا؟نیز ان ہسپتالوں کی ضلع وار فہرست فراہم کی جائے۔جس میں ہر ہسپتال میں علاج کروانے والے مریضوں کی تعداد بمعہ نام ولدیت بھی درج ہو۔

Notice Date : Aug 28, 2025 -- 02:38 PM - Thu
Question # 1779سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے سرکاری ہسپتالوں کی نجکاری شروع کر رہی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:-

(i)یہ نجکاری کیوں اور کس قانون کے تحت کی جارہی ہے؟

(ii)حکومت پرائیوٹ گروپس اور کمپنیز کے ساتھ کن شرائط معاہدات کے تحت یہ نجکاری کر رہی ہے ان تمام معاہدات کی تفصیلات کی جائیں۔

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 03:54 PM - Mon
Question # 1752سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 08, 2025 - Mon
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ڈی ایچ کیو بے نظیر ہسپتال ایبٹ اباد کا وومن میڈیکل کالج کے ساتھ جو ٹیچنگ ایگریمنٹ کیا گیا ہے،اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب)اس معاہدے کے تحت ہسپتال میں تدریسی مقاصد کے لئے مختص سہولیات یا پرسنٹیج میں کوئی اضافہ کیا گیا ہے یا نہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 01, 2025 -- 03:55 PM - Mon
Question # 1767سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 11, 2025 - Thu
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ڈی ایچ کیو بے نظیر ہسپتال ایبٹ اباد میں ٹی۔ٹی اور اینٹی ریبیز کے انجکشن دستیاب ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب مثبت میں ہو تو ان انجکشنز کی دستیابی، مقدار اور گزشتہ چھ ماہ میں فراہم کردہ تعداد کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

ANNEXURE-I

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:00 PM - Mon
**Question # 1756**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 08, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ طلباء اور طالبات میڈیکل ٹیسٹ (MDCAT) کے لیے فیس جمع کرتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ فیس کن رولز کے تحت لی جاتی ہے؟ اور رولز میں یہ فیس کتنی مقرر ہے؟

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:05 PM - Mon
**Question # 1782**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس میں ایڈوانس کورس کے لیے اہلکار منتخب کیے جاتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ان کے انتخاب کا کیا طریقہ کار ہے؟ اس میں سینارٹی کا کتنا خیال رکھا جاتا ہے؟

(ii) کس کس رینک کے اہلکار/ملازم منتخب ہوتے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) 2007 اور 2008 میں پروموٹ ہونے والوں کو شامل کیا گیا ہے یا نہیں؟

(iv) 2009 اور 2010 والے کتنے اہلکار ان میں شامل ہیں؟

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 04:16 PM - Tue
**Question # 1798**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ فرح خان صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے محکمہ منصوبہ بندی وترقیات ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع کرک کی رائلٹی کی کل رقم کیا ہے، اور گزشتہ دس سالوں کے دوران اس مد میں کتنی رقوم وصول کی گئیں اور یہ رقوم کن منصوبہ جات پر خرچ کی گئیں؟

(ب) رائلٹی کی مد میں اس وقت دستیاب فنڈز کی کل رقم کیا ہے، اس کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:13 PM - Tue
**Question # 1794**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس اور ایلیٹ فورس کے ملازمین مختلف شخصیات کے ساتھ وی آئی پی ڈیوٹیز پر تعنیات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) صوبے میں کل پولیس اور ایلیٹ فورس کی تعداد کتنی ہے؟ اور اس میں کتنی تعداد وی آئی پی ڈیوٹی پر مامور ہے؟

(ii) وی آئی پی ڈیوٹیز پر مامور پولیس وایلیٹ فورس کے اہلکاروں کے نام وتفصیل نیز جن وی آئی پیز کے ساتھ تعینات ہیں ان کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

ANNEXURE-I

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:35 PM - Fri
**Question # 1773سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 11, 2025 - Thu
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حکومت صوبہ بھر کے ہسپتالوں میں مریضوں کیلئے مفت دوائیوں کیلئے خطیر رقم مہیا کرتی ہے۔ جن کیلئے باقاعدہ ٹینڈر کیا جاتا ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو

(i)سال2024-25میں مذکورہ مد میں ضلع ہری پور کو دیئے گئے فنڈ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)مذکور فنڈ سے کن کمپنیوں سے ادویات خریدی گئی ہیں؟ خریدی گئی ادویات کے نام اور جن ہسپتالوں کو یہ ادویات جاری کی گئی ہیں اُنکی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:36 PM - Fri
**Question # 1770سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 11, 2025 - Thu
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضلع ہری پور، ڈسٹر کٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ایمر جنسی کے اوقات کار کیا ہے؟ نیز اس میں کتنے ڈاکٹر ہوتے ہیں؟ آیا مریضوں کو ادویات اور ضروری اشیاء دی جاتی ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے

ANNEXURE-II

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 125واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 24 جولائی 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:13 PM - Mon
**Question # 1451** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ وائلڈ لائف ایکٹ کی شق 15 کے تحت محفوظ شدہ جانوروں کی ملکیت کو ریگولیٹ کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ پنجاب کی نسبت خیبر پختونخواہ میں گوس ہاک کی درآمد پر پابندی کیوں ہے؟ نیز دیگر جانوروں کی درآمد کی اجازت کے باوجود گوس ہاک کی درآمد میں کونسی مخصوص رکاوٹیں ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:25 PM - Mon
**Question # 1481** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مال واملاک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا نے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف موضع جات کیلئے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کے ذریعے زمینوں کے نرخ مقرر کر رکھے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ نرخ کس ضابطہ و قانون کے تحت طے کئے جاتے ہیں اور کیا یہ مارکیٹ ویلیو کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:48 AM - Tue
**Question # 1437** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صنعت کے میدان میں نئے نئے منصوبہ بندیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین (3) سالوں کے دوران کیا کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے؟

(ii) کون کون سے صنعت اور صنعتی تحقیق، تجارت اور سروے کی گئی ہے۔ موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:49 AM - Tue
**Question # 1507** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر محکمہ محنت و افرادی قوت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ورکر ویلفیئر بورڈ نے گزشتہ (5) سالوں کے دوران کتنے ترقیاتی منصوبے شروع کئے تھے؟ اور موجودہ وقت کتنے جاری ہیں؟ گزشتہ (5) سالوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:35 AM - Mon
**Question # 1726** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 20, 2025 - Wed
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت اور فنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت کی لکی سیمنٹ فیکٹری، کوہاٹ سیمنٹ فیکٹری کی طرح Corporate social responsibility فنڈ ڈپٹی کمیشنر کے اکاؤنٹ میں جمع کرتی ہے؟

ANNEXURE-II

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو کئی سیمنٹ فیکٹری نے اپنے قیام سے اب تک کل کتنا کارپوریٹ سوشل ریسپونسی بیلٹی(CSR)فنڈ جمع کیا ہے؟اور یہ فنڈ کہاں، کس طرح اور کس کے ہاتھ سے خرچ کیا گیا ہے؟نیز اگر کوئی فنڈ جمع نہیں کیا گیا تو اس کی وجوہات بتائی جائے؟

**Notice Date :** Aug 25, 2025 -- 12:00 PM - Mon
**Question # 1800**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے آبکاری و محاصل اور انسدادِ منشیات ارشاد فرمائیں کہ

(الف)کیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبکاری و محاصل اور انسدادِ منشیات میں وقتاً فوقتاً دیگر محکموں کے ملازمین کو ڈیپوٹیشن پر تعینات کیا گیا ہے؟

(ب)اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

1۔اس وقت محکمہ ھٰذا میں کل کتنے ملازمین مختلف محکموں سے ڈیپوٹیشن پر تعینات ہیں؟براہِ کرم متعلقہ محکموں اور مدتِ ملازمت سمیت تفصیل فراہم کی جائے۔

2۔محکمہ میں ڈیپوٹیشن پر تعیناتی کے لیے اپنے اصلی محکمہ(Parent Department)میں ملازمت کی کم سے کم مدت کیا مقرر ہے؟نیز دیگر شرائط و قواعد و ضوابط کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 28, 2025 -- 04:00 PM - Thu
**Question # 1778**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر محنت و افرادی قوت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں ڈاکٹرز بھی تعینات ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)جو ڈاکٹرز دو سال سے زائد ایک ہی پوسٹ /پوزیشن پر تعینات ہیں ان کی عرصہ تعیناتی کی کوائف کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے

(ii) اس کے بارے گورنمنٹ /چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کی پالیسی کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)عرصہ دو سال سے زیادہ ایک ہی پوسٹ /پوزیشن پر تعینات رہنے کی وجوہات سمیت ان ڈاکٹرز کے نام اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل بھی الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:01 PM – Mon
**Question # 1781**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ اگست میں ایکسائز پولیس نےG.C.Pچیک پوسٹ پشاور پر چیکنگ کے دوران دو قدیم مجسمے برآمد کیے تھے اور یہ مجسمے تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے نا صرف قیمتی بلکہ بین الاقوامی منڈی میں اس کی مالیت کروڑوں میں بتائی جاتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو یہ مجسمے اب کہاں ہیں؟اور ملزمان کے خلاف کیا کاروائی ہوئی ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:02 PM - Mon
**Question # 1789**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، جنگلات و ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ہزارہ اور ملاکنڈ ڈویژن میں جنگلات کی بے دریغ کٹائی کی شکایات محکمہ ہذا کو موصول ہوئی ہیں؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ اس حوالے سے حکومت نے ایک مانیٹرنگ کمیٹی بھی تشکیل دی تھی؟

(ج)آیا یہ بھی درست ہے کہ جنگلات /درختوں کی سمگلنگ میں ڈائریکٹوریٹ کے 60افسران بھی ملوث ہیں؟

(د)اگر(الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو تشکیل شدہ کمیٹی کی رپورٹ سمیت ان میں ملوث افسران /اہلکاروں کے خلاف کی گئی کاروائی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

ANNEXURE-I

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:10 PM - Tue
**Question # 1795سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی وجنگلات وماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی ہوتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 2013 میں کوہستان لوئر میں کٹائی سے پہلے جنگلات کا تناسب کیا تھا اور 2024 میں کٹائی کے بعد اسکا تناسب کتنا رہ گیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:14 PM - Tue
**Question # 1797سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات نے ضلع لوئر کوہستان کے مالی سال 25-2024 کے لئے مختلف سکیموں کے لئے رقم مختص کی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ نے مالی سال 25-2024 کے لئے کتنی رقم اور کس کس سکیم کے لئے مختص کی تھی؟ مختص رقم کا استعمال کس طرح اور کن منصوبوں کے لئے ہوا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 25, 2025 -- 04:00 PM - Thu
**Question # 1865سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر محاصل وآبکاری اور انسداد منشیات ازراہِ کرم یہ وضاحت فرمائیں گے کہ :

(الف) پشاور شہر میں ٹیکسیوں کی مجموعی تعداد کیا ہے؟ نیز ان میں رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ ٹیکسیوں کی علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) غیر رجسٹرڈ ٹیکسیوں کے خلاف اب تک کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟ اور کیا ان کے لیے کوئی ضابطۂ اخلاق یا جامع پالیسی مرتب کی گئی ہے؟

(ج) بالعموم پشاور اور بالخصوص یونیورسٹی روڈ پر ان ٹیکسیوں کے باعث عوام کو پارکنگ کے مسائل اور ٹریفک جام کی مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ اس صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے حکومت نے کون سے عملی اقدامات کیے ہیں؟

**Notice Date :** Nov 03, 2025 -- 10:31 AM - Mon
**Question # 1994سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) جنوری 2023 تا کیم نومبر 2025 ضلع کرک میں گیس، تیل، کوئلہ، چونا پتھر اور جپسم کی پیداوار سے صوبے کو کتنی رائلٹی ملی؟ ہر معدن کی رائلٹی کی حساب کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

(ب) ان رائلٹی فنڈز میں سے ضلع کرک کیلئے کتنی رقم مختص ہوئی اور کتنی صوبائی مشترکہ فنڈز میں جمع کرائی گئی؟ ہر سال کی مختص شدہ رقم اور حقیقی اخراجات کی تفصیل بھی علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں۔

(ج) وصول شدہ رائلٹی کن منصوبوں ADP/District ADP وغیرہ پر خرچ ہوا؟ ہر منصوبے کا نام، PC-1 نمبر، کل لاگت، رائلٹی سے خرچ شدہ رقم، خرچ کی تاریخ اور موجودہ حیثیت (مکمل/زیر تکمیل) کی تفصیل بھی فراہم کی جائے

ANNEXURE-II